[This question paper contains 2 printed pages.]

**Your Roll No................**

**Sr. No. of Question Paper : 6623** **L**

Unique Paper Code : 2144002001

Name of the Paper : Elementary Urdu

Name of the Course : **GE**

Semester : II

Duration : 3 Hours Maximum Marks : 90

**<u>Instructions for Candidates</u>**

1. Write your Roll No. on the top immediately on receipt of this question paper.

نوٹ: کل پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

نوٹ: کل پانچ سوالوں کے جواب دیجیے۔ پہلا سوال لازمی ہے۔ نمبر مساوی ہیں۔

۱۔ ذیل کے شعری اقتباسات کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی بتائیے:

(الف)

گلوں میں رنگ بھرے بادِ نو بہار چلے — چلے بھی آؤ کہ گلشن کا کاروبار چلے
قفس اداس ہے یارو صبا سے کچھ تو کہو — کہیں تو بہر خدا آج ذکر یار چلے
کبھی تو صبح ترے کنج لب سے ہو آغاز — کبھی تو شب سر کاکل سے مشکبار چلے
بڑا ہے درد کا رشتہ یہ دل غریب سہی — تمہارے نام پہ آئیں گے غم گسار چلے
جو ہم پہ گزری سو گزری مگر شب ہجراں — ہمارے اشک تری عاقبت سنوار چلے

(ب)

''آج تک سوچتا رہا کہ بیگم صاحب قبلہ کے انتقال کے باب میں تم کو کیا لکھوں۔ تعزیت کے واسطے تین باتیں ضروری ہیں۔ اظہارِ غم، تلقینِ صبر اور دعائے مغفرت۔ سو بھائی! اظہارِ غم تکلف محض ہے۔ جو غم تم کو

*P.T.O.*

ہوا ہے، ممکن نہیں کہ دوسرے کو ہوا ہو۔ تلقینِ صبر، بے دردی ہے۔ یہ سانحہ عظیم ایسا ہے، جس نے غمِ رحلتِ نواب مغفور کو تازہ کیا۔ پس ایسے موقعے پر صبر کی تلقین کیا کی جائے۔ رہی دعائے مغفرت! میں کیا اور میری دعا کیا۔ مگر چونکہ وہ میری محسنہ تھیں، ان کیلئے دل سے دعا نکلتی ہے۔

معہذا تمہارا یہاں آنا سنا جاتا تھا۔ اس واسطے خط نہ لکھا، اب جو معلوم ہوا کہ دشمنوں کی طبیعت ناساز ہے، اور اسی سبب سے کچھ دن دیر سے یہ سطریں لکھی گئیں۔ اللہ تعالیٰ، تم کو سلامت اور تندرست اور خوش رکھے۔''

۲۔ میر کی غزل گوئی پر اظہارِ خیال کیجیے۔

۳۔ غالب کی شاعری کا تنقیدی جائزہ لیجیے۔

۴۔ اختر شیرانی کی نظم نگاری کا محاکمہ کیجیے۔

۵۔ منٹو کی افسانہ نگاری کی امتیازی خصوصیات بتایئے۔

۶۔ 'اقبال کی غزل' کے عنوان سے ایک مضمون لکھیے۔

۷۔ غالب کی نثر پر اظہار خیال کیجیے۔

۸۔ نظم 'او دیس سے آنے والے بتا' کا خلاصہ لکھیے۔

۹۔ مضمون 'سویرے جو کل آنکھ میری کھلی' پر سیر حاصل تبصرہ کیجیے۔